پشاور، ایبٹ آباد اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت قومی روزنامہ

روشن کل کی ضمانت، وطن کا نصب العین

روزنامہ

آج

پشاور

پاکستان

گروپ چیف ایگزیکٹو نگہت شاہین

بانی عبدالواحد یوسفی

جلد 33 | اتوار 29 رمضان المبارک 1443ھ یکم مئی 2022ء 18 بیساکھ | شمارہ 114



وفاقی محتسب کی ہدایت پر پنشن میں 13 ہزار روپے کا اضافہ

اے پی پی کے ریٹائرڈ ملازم کا اعجاز قریشی کو خراج تحسین، عید کی خوشیاں دوبالا ہوگئیں، محمد نواز

اسلام آباد (بیورو نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر ایسوسی ایٹڈ پریس (اے پی پی) کے ریٹائرڈ ملازم کی پنشن میں سات سال بعد 13,012 روپے ماہانہ اضافہ ہوگیا، اب اس کی ماہانہ پنشن 43,217 روپے سے بڑھ کر 56,219 روپے ہوگئی جس پر شکایت گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلہ سے ان کے خاندان میں عید کی خوشیاں دوبالا ہوگئی ہیں۔ اے پی پی کے ایک ریٹائرڈ ملازم محمد نواز نے وفاقی محتسب میں شکایت کی کہ بورڈ آف ڈائریکٹر نے 2015ء میں اپنی ایک میٹنگ میں پنشنرز کے لئے دس فیصد اضافے کی منظوری دی تھی لیکن نہ ہی اس مقصد کے لئے فنڈ مختص کئے گئے اور نہ ہی طویل عرصہ گزرنے کے باوجود یہ اضافہ ہو پایا۔ شکایت گزار نے وفاقی محتسب سے درخواست کی کہ اے پی پی کو اپنے اس فیصلہ پر عملدرآمد کے احکامات جاری کئے جائیں۔ وفاقی محتسب میں کیس کی مختلف سماعتوں کے دوران اے پی پی اور وزارت خزانہ کے نمائندے حاضر ہوتے رہے۔ وفاقی محتسب نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ 45 دن کے اندر اس مسئلے کو حل کر کے رپورٹ دی جائے۔ بعد ازاں وفاقی محتسب کے عملدرآمد ونگ کے کنسلٹنٹ پرویز حلیم کی مسلسل کوششوں سے بالآخر اے پی پی کے سابق ملازم کی ماہانہ پنشن میں 13 ہزار روپے کا اضافہ ہوگیا ہے۔